سوال

(337) نماز کے دوران چھینک آ جائے تو اَلْحَمْدُلِلّٰہِ کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز کے دوران چھینک آ جائے تو کیا تحمید کہی جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز کے دوران چھینک آنے پر ''اَلْحَمْدُلِلّٰہِ'' کہی جا سکتی ہے، لیکن اس کا جواب نہیں دینا چاہیے۔ کیونکہ 'یَرْحَمُکَ اللّٰہُ' کا تعلق انسانی گفتگو سے ہے۔ جب کہ 'اَلْحَمْدُلِلّٰہِ' قرآنی الفاظ میں سے ہے، اس لیے اس کا جواز ہے۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ:314

محدث فتویٰ